## سوال

نکاح

## جواب

ٹیلیفون پر نکاح السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ٹیلیفون پر نکاح کیا جا سکتا ہے ؟اگر لڑکا سعودی عرب میں مقیم ہو اور لڑکی پاکستان میں ہو۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جدید وسائل وذرائع کے ذریعے عقد نکاح جائز ہے جبکہ نکاح کے ارکان اور شروط مکمل ہو رہے ہوں۔ یعنی ایجاب وقبول، ولی کی اجازت، شہادتین اور حق مہر۔ اگر تو ان میں کوئی ایک شے مفقود جیسا کہ ٹیلی فون کے ذریعے نکاح میں شہادت ممکن نہ ہو تو اس صورت میں نکاح جائز نہیں ہے۔ اور اگر شہادت ممکن ہو جیسا کہ سکائپ وغیرہ میں ویڈیو کانفرنس کے ساتھ نکاح کا انعقاد اور غرر کا اندیشہ بھی نہ ہو تو انٹرنیٹ کے ذریعہ نکاح جائز ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ